**07.02.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........محمد عمار

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارت اور ملیشیا کے درمیان گہرے تعلقات اور عوام سے عوام کے درمیان روابط کو اجاگر کیا۔ وہ کل کوالالمپور میں ملیشیا کے اپنے ہم منصب انور ابراہیم کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

☆ بھارت—امریکہ عبوری تجارتی معاہدے کے تحت، بھارتی برآمدات پر محصول کم ہوکر 18فیصد ہوگیا ہے۔ تجارت کے وزیر پیوش گوئل نے کہا کہ اِس معاہدے سے زرعی شعبے اور MSMEs کو فروغ حاصل ہوگا۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے جموں و کشمیر میں ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لینے کیلئے ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی۔

☆ چھتیس گڑھ کے بَستر ڈویژن کے بیجاپور اور سُکما ضلعوں میں 51ماؤنوازوں نے خود سپردگی کی۔

☆ یوکرین کے صدر ولودومیر زیلنسکی نے کہا کہ روس نے یوکرین کی توانائی تنصیبات پر بڑے پیمانے پر فضائی حملے کیے ہیں، جس میں دو تھرمل پاور پلانٹس بھی شامل ہیں۔

☆ اور مردوں کے ICC ٹی—ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں پاکستان نے نیدرلینڈس کو ہرایا اور ویسٹ انڈیز نے اسکاٹ لینڈ کو شکست دی۔ ایک اور میچ میں دفاعی چیمپئن بھارت اور امریکہ کے درمیان، جاری ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**PM Communittee Programme**

وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارت اور ملیشیا کے درمیان گہرے ذاتی اور عوام سے عوام کے رابطوں کو اجاگر کیا ہے۔ آج کوالالمپور میں بھارتی برادری سے ایک تقریب میں خطاب کرتے ہوئے انھوں نے بھارتی برادری کو دو ممالک کو مربوط کرنے والا ایک اہم پُل قرار دیا۔ انھوں نے ایک خوشحالی ملیشیا اور ایک ترقی یافتہ بھارت کے نظریے میں اُن کے تعاون کی ستائش کی۔

**S/B 2100 PM Indian Diaspora In Malaysia**

جناب مودی ملیشیا کے دو روزہ دورے پر آج کوالالمپور پہنچے ہیں، جہاں اُن کا پرتپاک خیر مقدم کیا گیا۔ ملیشیا کے وزیر اعظم انور ابراہیم کے ساتھ اپنی دیرینہ دوستی کو یاد کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ بھارت اور ملیشیا

نے 2024میں اپنے تعلقات کو ایک جامع کلیدی شراکت داری تک بلندی عطا کی تھی۔

**S/B 2100 PM India Malasiya Partnership**

جناب مودی نے مزید کہا کہ ملیشیا میں 100سے زیادہ بھارتی IT کمپنیاں کام کر رہی ہیں، جن سے روزگار کے ہزاروں مواقع پیدا ہو رہے ہیں۔ انھوں نے اعلان کیا کہ ملیشیا میں جلد ہی ادائیگی کے ڈیجیٹل بھارتی پلیٹ فارم UPI کا آغاز ہوگا۔ انھوں نے مزید کہا کہ بھارت میں برطانیہ، UAE، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ، عُمان، یوروپی یونین اور امریکہ کے ساتھ تجارتی معاہدے کئے ہیں اور اعتماد بھارت کی سب سے مضبوط کرنسی بن گیا ہے۔ جناب مودی ملیشیا کے وزیراعظم کے ساتھ کل بات چیت کریں گے جس کے بعد کئی مفاہمت ناموں پردستخط کئے جانے کا امکان ہے۔ مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

**VC Durgesh Bhadauria**

وزیر اعظم مودی نے بھارت میں گھریلو سطح پر جاری تبدیلی کا ذکر کرتے ہوئے موبائل فون تیار کرنے میں بھارت کے دوسرے مقام پہنچنے، دفاعی برآمدات میں خاطر خواہ اضافے اور دنیا کے نمایاں فن ٹیک ماحولیاتی نظام میں ترقی کی نشاندہی کی۔ انھوں نے بیرون ملک مقیم بھارتی شہری (OCI) کارڈ کی سہولیات چھٹی جنریشن تک توسیع دینے کا بھی اعلان کیا۔ وزیر اعظم نے اس دوران، بھارتی تارکین وطن سے متعلق اقدامات، جس میں OCI کارڈ کی سہولت کی چھٹی جنریشن تک توسیع کا اعلان، بھارت میں تعلیم حاصل کرنے والے طلبا کیلئے تھیرو ولور اسکالر شپ اسکیم اور ملیشیا میں مزید ایک قونصل خانہ کھولنے کا بھی اعلان کیا ہے۔

درگیش بھدوریا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

## India US Deal

بھارت اور امریکہ نے آج اعلان کیا کہ دونوں ملکوں نے باہمی طور پر فائدہ مند تجارت سے متعلق ایک عبوری معاہدے کے فریم ورک پر اتفاق کیا ہے۔ تجارت اور صنعت کی وزارت نے بھارت–امریکہ مشترکہ بیان کو مشترک کیا، جس میں کہا گیا ہے کہ یہ فریم ورک دونوں ممالک کے درمیان وسیع تر دوطرفہ تجارتی معاہدے کیلئے مذاکرات کے عزم کی توثیق کرتا ہے۔مشترکہ بیان کے مطابق، امریکہ بھارتی اشیاء پر 18فیصد جوابی محصول عائد کرے گا، جبکہ بھارت تمام امریکی صنعتی سازوسامان، خوراک اور زرعی اشیاء کی وسیع اقسام پر محصول ختم کردے گا یا کم کردے گا۔×

## Goyal India US PC

تجارت و صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت–امریکہ عبوری تجارتی معاہدے کے تحت بھارتی برآمدات پر عائد 50فیصد جوابی محصول کو اب کم کر کے 18فیصد کر دیا گیا ہے۔ آج سہ پہر نئی دلّی میں بھارت–امریکہ مشترکہ بیان کے بارے میں صحافیوں کو جانکاری فراہم کرتے ہوئے جناب گوئل نے کہا کہ امریکہ کی جانب سے بھارت پر عائد کیا جانے والا محصول اُس کے پڑوسی ممالک چین، پاکستان، بنگلہ دیش اور ویتنام کے

مقابلے میں کم ہے۔جناب گوئل نے کہا کہ یہ معاہدہ، ملک کے زرعی اور ڈیری شعبے کو تحفظ فراہم کرتا ہے اور ملک کی زرعی مصنوعات جیسے مصالحے، چائے، کافی، کاجو، Avocado،Chestnut ، کیلا، آم، کیوی اور پپیتا پر امریکہ میں صفر محصول عائد ہوگا۔وزیر موصوف نے مزید کہا کہ اِس تجارتی معاہدے کا ملک کے تمام شعبوں کی جانب سے خیرمقدم کیا گیا ہے۔ تجارت و صنعت کے وزیر نے کہا کہ حکومت کا مقصد آنے والے وقت میں بھارت—امریکہ دوطرفہ تجارت کو 45لاکھ کروڑ روپے تک پہنچانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس معاہدے سے سرمایہ کاروں کیلئے نئے مواقع پیدا ہوئے ہیں اور انہیں اِس معاہدے سے فائدہ اُٹھانا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ معاہدہ MSMEs، کاریگروں، بُنکروں اور نوجوانوں کیلئے نئے مواقع فراہم کرے گا اور برآمدات سے وابستہ شعبوں میں کام کرنے والے افراد اِس سمجھوتے کے اہم مستفیدین ہوں گے۔×

## PM India US

وزیراعظم نریندر مودی نے بھارت اور امریکہ کے درمیان عبوری تجارتی معاہدے کے فریم ورک کو بڑی خبر قرار دیا ہے اور دونوں ملکوں کے درمیان مضبوط تعلقات کیلئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا شکریہ ادا کیا۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیراعظم مودی نے کہا کہ یہ فریم ورک بھارت اور امریکہ کی شراکت داری میں بڑھتی ہوئی گہرائی، اعتماد اور متحرک تعلقات کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ''میک اِن انڈیا'' کو مضبوط بنائے گا اور بھارت کے محنتی کسانوں، تاجروں، MSMEs، اسٹارٹ اپ اختراع کاروں، ماہی پروروں اور دیگر افراد کے لیے نئے مواقع پیدا کرے گا۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ اِس سے خواتین اور نوجوانوں کیلئے بڑے پیمانے پر روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔×

## Amit Shah J&K Meeting

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے جموں وکشمیر میں ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیشرفت کا جائزہ لینے کیلئے ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی، جس میں مرکز کے زیر انتظام علاقے میں اہم بنیادی ڈھانچے کے کاموں اور مرکز کی امداد یافتہ اسکیموں کے نفاذ پر توجہ مرکوز کی گئی۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ وزیر داخلہ نے پروجیکٹ کی سطح پر نفاذ کا جائزہ لیا اور ترقیاتی کاموں کو مقررہ وقت میں پورا کئے جانے کی ہدایات جاری کیں۔ انھوں نے کہا کہ سرمایہ کاری، صنعت، کھیلوں اور بنیادی ڈھانچے میں ترقی کو تیز کرنا حکومت کی اوّلین ترجیح ہے۔ اس میٹنگ میں جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ، مرکزی داخلہ سکریٹری گووند موہن، چیف سکریٹری Atal Dulloo اور ڈی جی پی Nalin پربھات اور دیگر نے بھی شرکت کی۔x

## Chhattisgarh Surrender

چھتیس گڑھ کے بستر ڈویژن میں آج 51ماؤنوازوں نے خودسپردگی کی۔ ان ماؤنوازوں پر ایک کروڑ 61 لاکھ روپئے کا انعام تھا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

**VC Vikalp Shukla**

چھتیس گڑھ کے بیجا پور ضلع میں آج 30 ماؤنوازوں نے خودسپردگی کی، اس میں 21 خواتین کیڈر ہیں۔ ان ماؤنوازوں پر 85 لاکھ روپئے کا انعام تھا۔ اس دوران، سکما ضلع میں 21 ماؤنوازوں نے خودسپردگی کی۔ان پر 76 لاکھ روپئے کا انعام تھا۔ان ماؤنوازوں نے بستر رینج کے پولیس انسپکٹر جنرل سندر راج پی، پولیس سپرنٹنڈنٹ کِرن چوان اور CRPF کے ڈپٹی انسپکٹر جنرل آنند سنگھ راج پروہت کے سامنے خود سپردگی کی۔ اس موقع پر ماؤنوازوں نے اپنے ہتھیار، جن میں A-47 رائفل، ایس ایل آر اور بیرل گرینیڈ لانچر بھی ہیں، حوالے کیا۔ ریاستی حکومت کی بازآبادکاری کی پالیسی کے تحت خودسپردگی کرنے والے ماؤنوازوں کو فوری طور پر 50 ہزار روپئے کا مالی تعاون پیش کیا ہے۔

وکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں عبدالواحد

**Ashwini Vaishnaw Karnataka Projects**

ریلوے، الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے مطلع کیا ہے کہ اِس مرکزی بجٹ میں کرناٹک کو ریلوے پروجیکٹوں کیلئے 7 ہزار 748 کروڑ روپئے ملے ہیں، جو UPA کے دورِ اقتدار میں دی جانے والی رقم سے 9 گنا زیادہ ہے۔ آج بینگلورو میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ ریاست میں ریلوے نیٹ ورک کو جدید بنانے کیلئے کُل 52 ہزار 950 کروڑ روپئے کی سرمایہ کاری کی گئی ہے تاکہ امرت بھارت پروگرام کے تحت 61 ریلوے اسٹیشنوں کو جدید طرز پر ڈھالا جاسکے اور تحفظاتی خصوصیات متعارف کی جاسکیں۔x

**Annapurna Devi Budget**

خواتین اور بچوں کی ترقی کی مرکزی وزیر اَنّ پورنا دیوی یادو نے کہا ہے کہ مرکزی بجٹ 2026 سے 2047 تک بھارت کی ترقی کے نقشہ راہ پر مبنی ہے اور یہ ایک ترقی یافتہ بھارت کیلئے ایک مضبوط بنیاد فراہم کرتا ہے۔ وہ پنجی میں BJP ہیڈ کوارٹر پر منعقدہ ایک پریس کانفرنس سے خطاب کر رہی تھیں۔ وزیر موصوف نے اعتماد ظاہر کیا کہ بجٹ سے گوا کو خاص طور سے سیاحت، سمندری اشیا اور زراعت میں فائدہ ہوگا۔

پیش ہے ایک رپورٹ......

**VC Rashmi**

وزیر موصوف نے کہا کہ بجٹ میک اِن انڈیا اور آتم نربھر بھارت کے نظریے سے اہمیت کا حامل ہے۔ انھوں نے کہا کہ بایوفارما، سیمی کنڈکٹر مشن 2.0، ٹیکسٹائل، مصنوعی ذہانت، الیکٹرانک سازوسامان کی مینوفیکچرنگ، MSME، بنیادی ڈھانچے، زراعت، دیہی ترقی، ڈیری اور ماہی پروری جیسے شعبوں میں لوکل سے گلوبل پر خاص توجہ کے ساتھ تفصیلی اقتصادی سہولتیں رکھی گئی ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ بجٹ کا مقصد مستقبل اور ترقی، انسانوں کو مرکزی حیثیت دینا اور نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے ساتھ ساتھ عوامی اعتماد کو مستحکم کرنا ہے۔ اپنے دورے کے تحت وزیر موصوف نے گوا کے وزیر اعلیٰ پرمود ساونت سے بھی ملاقات کی اور خواتین وبچوں کی ترقی کے ریاستی محکمے کے کام کا جائزہ لیا۔

پنجی سے Rashmi Narse کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں تنویر الفرید

**Jitendera Singh Press Meet**

سائنس اور ٹیکنالوجی اور ارضیاتی سائنس کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ وکست بھارت 2047 کے ہدف کو حاصل کرنے کیلئے ہر شہری کی شمولیت اور حکومت اور عوام کے درمیان ایک مضبوط شراکت داری کی ضرورت ہے۔ وہ آج وجے واڑہ میں BJP کے آندھراپردیش یونٹ کی جانب سے منعقدہ وکست بھارت بجٹ 27-2026 پر ایک پریس ملاقات میں میڈیا سے خطاب کر رہے تھے۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ بھارت عالمی مدد پر انحصار کرنے والے ایک ملک سے پیشرفت کرتے ہوئے ایک ایسا ملک بن گیا ہے جس کی جانب اب دنیا دیکھ رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت کی توجہ اندرونِ ملک تیار کردہ ٹیکنالوجی تحقیق واختراع کو فروغ دے کر ایک خودکفیل بھارت کی تعمیر پر مرکوز ہے۔ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ بھارت کا ہدف 2040 تک چاند پر بھارتی خلا باز بھیجنے کا ہے اور انھوں نے اِسے قومی فخر اور سائنسی قوت کا ایک سنگ میل قرار دیا۔x

**Bhupander Yadav**

مرکزی وزیر بھوپیندر یادو نے کہا ہے کہ شیروں کے تحفظ سے متعلق پالیسی کو از سر نو تشکیل دیئے جانے کی ضرورت ہے۔ وہ آج الور میں ٹائیگر ریزرو کے فیلڈ ڈائریکٹروں اور چیف وائلڈ لائف وارڈن کی دو روزہ کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے عہدیداران کو شیروں کے تحفظ سے متعلق قومی اتھارٹی کی گذشتہ 28 میٹنگوں میں کئے گئے فیصلوں کا جائزہ لینے کی ہدایت دی۔ وزیر موصوف نے کہا کہ بھارت نے شیروں کے تحفظ کے معاملے میں پچاس سال مکمل کرلئے ہیں لہٰذا یہ ضروری ہے کہ پرانی پالیسیوں کو موجودہ چیلنجوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے تبدیل کیا جائے۔ انھوں نے مطلع کیا کیا کہ بوتسوانہ سے چیتوں کا ایک نیا گروپ فروری کے اختتام تک بھارت پہنچنے کا امکان ہے۔انھوں نے یہ بھی کہا کہ وزیر اعظم کی زیر قیادت تشکیل دئے گئے بین الاقوامی بِگ کیٹ الائنس میں اب تک 24 ممالک شامل ہوچکے ہیں۔x

**JP Nadda Convocation**

صحت وخاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈّا نے کہا ہے کہ آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز ایمس کی تعداد 6 سے بڑھ کر 23 ہوگئی ہے، جس سے ملک بھر میں عالمی معیار کا صحت کی دیکھ بھال سے متعلق اداروں کا ایک مضبوط نیٹ ورک قائم ہوا ہے۔ فریدآباد میں ایک تعلیمی ادارے کے جلسۂ تقسیم اسناد سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے مزید کہا کہ بھارت نے صحت سے متعلق اہم اشاریوں میں نمایاں ترقی کی ہے، جن میں زچہ بچہ کی صحت کے ساتھ ساتھ متعدی اور غیر متعدی بیماریاں شامل ہیں۔ ملک میں تپ دِق کی روک تھام کے حوالے سے وزیر موصوف نے کہا کہ عالمی ادارۂ صحت نے اِس سلسلے میں بھارت کی پیشرفت کو سراہا ہے۔x

**Chouhan MP Launch**

زراعت اور کسانوں کی بہبود نیز دیہی ترقیات کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے آج مدھیہ پردیش کے سیہور

ضلع کے اَملاہا میں واقع Food Legumes ریسرچ پلیٹ فارم FLRP سے دالوں میں خود کفالت کے ملک گیر مشن کا آغاز کیا۔ اِس اعلیٰ سطحی مشاورت میں مرکزی وزیر مملکت بھاگیرتھ چودھری، مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو، اُڈیشہ کے نائب وزیر اعلیٰ اور کئی ریاستوں کے زراعت کے وزیروں نے شرکت کی۔

کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا کہ ملک اب دالوں کا عالمی برآمد کنندہ ملک بننے کی طرف بڑھے گا۔ کانفرنس کے دوران، دالوں میں خود کفالت کے مشن کیلئے روڈ میپ کی حتمی شکل دی گئی، جس کے اہم اجزا میں کلسٹر پر مبنی پیداوار ماڈل، بیج کے گاؤں، ملک بھر میں دالوں کے ایک ہزار ملوں کا قیام اور تحقیق اور کسانوں کے درمیان روابط کو مضبوط کرنا شامل ہے۔ مرکزی وزیر نے ملک بھر کی کسانوں کی جانب سے وزیر اعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آتم نربھر بھارت کی تعمیر کیلئے دالوں کی پیداوار میں خود کفالت بہت ضروری ہے۔

## Russia Ukraine Attack

روس نے دیر رات یوکرین پر بڑے پیمانے پر فضائی حملے کئے۔ ان حملوں میں یوکرین کی توانائی کی یونٹوں، بجلی پیدا کرنے والے اور بجلی سپلائی کے مراکز کو نشانہ بنایا گیا۔ یوکرین کے صدر ولودومیر زیلنسکی نے کہا کہ روس نے 400 ڈرون اور 40 میزائلوں سے یوکرین کی پاور گرڈ، بجلی پیدا کرنے والی یونٹوں اور سب اسٹیشنوں کو نشانہ بنایا۔ یہ حملے اس وقت کئے گئے ہیں جب درجۂ حرارت منفی 14 ڈگری سیلسیس سے نیچے پہنچ چکا ہے۔ حکام نے پورے یوکرین میں ہنگامی طور پر بجلی فراہمی میں تعطل کا اعلان کیا ہے۔ یوکرین نے پولینڈ سے ہنگامی طور پر بجلی سپلائی کرنے کی درخواست کی ہے۔x

## Cricket

مردوں کے ICC ٹی–ٹوینٹی عالمی کپ میں ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں بھارت نے امریکہ کو جیت کیلئے 162 رن کا نشانہ دیا ہے۔ اب سے کچھ دیر پہلے تک امریکہ 4 اوورس میں 3 وکٹ پر 15 رن بنالئے تھے۔

اس سے قبل بھارت نے مقررہ 20 اوورس میں 9 وکٹ کے نقصان پر 161 رن بنائے تھے۔

اس سے پہلے کولکتہ کے ایڈن گارڈنس میں ویسٹ انڈیز نے اسکاٹ لینڈ کو 35 رن سے شکست دی۔

ٹورنامنٹ کے افتتاحی میچ میں کولمبو میں پاکستان نے نیدرلینڈ کو تین وکٹ سے ہرایا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆